Terms and Conditions for Bank Alfalah Royal Profit Account

شرائط وضوابط برائے بینک الفلاح رائل پرافٹ اکاؤنٹ

Bank Alfalah

Account Title
اکاؤنٹ کا نام

Account No.
اکاؤنٹ نمبر

Bank Alfalah Royal Profit Account Terms and Conditions

شرائط وضوابط برائے بینک الفلاح رائل پرافٹ اکاؤنٹ

In consideration of the Bank Alfalah Limited (hereinafter referred to as the "Bank") offering a facility for the opening of *Bank Alfalah Royal Profit Account/ Bank Alfalah Institutional Royal Profit Account/ Bank Alfalah Institutional Royal Savings Account in my/our name(s) (hereinafter referred to as the "Account") and providing banking facilities to me/us, I/we ("Customer") do hereby agree to be bound by the Terms and Conditions set below and agree that the Account will be governed by and be subject to these Terms and Conditions, which are an integral part of the General Terms and Conditions of the Bank's governing Account Opening ("General Terms and Conditions"). I/we also agree that all deposits that may be placed by me/us with the Bank and/or any banking facilities availed by me/us are subject to the prevailing rules and regulations of the State Bank of Pakistan and are governed by the laws of Pakistan in effect from time to time ("Rules and Regulations"). These Terms shall apply to all variants of Bank Alfalah Royal Profit Account including Bank Alfalah Royal Profit Account, Bank Alfalah Institutional Royal Profit Account and Bank Alfalah Institutional Royal Savings Account maintained with the Bank or its successors or assigns, and the banking facility offered hereunder.

بینک الفلاح لمیٹڈ (آئندہ حوالہ بطور "بینک") میرے/ہمارے نام پر بینک الفلاح رائل پرافٹ اکاؤنٹ، بینک الفلاح انسٹیٹیوشنل رائل پرافٹ اکاؤنٹ/بینک الفلاح انسٹیٹیوشنل رائل سیونگز اکاؤنٹ (آئندہ حوالہ بطور "اکاؤنٹ") کھولنے اور مجھے/ہمیں بینکاری کی سہولیات مہیا کرنے کی پیشکش کے مدنظر، میں/ہم ("کسٹمر") بذریعہ ہذا نیچے درج شرائط وضوابط کی پابندی کرنے پر متفق ہوں/ہیں۔ میں/ہم یہ تسلیم کرتا/کرتے ہیں کہ اکاؤنٹ ان شرائط وضوابط کے مطابق چلایا جائے گا جو بینک کے اکاؤنٹ کھولنے کے عمومی شرائط و ضوابط (آئندہ حوالہ بطور "عمومی شرائط وضوابط") کا لازمی حصہ ہیں۔ میں/ہم مزید متفق ہوں/ہیں کہ بینک میں جمع کی گئی رقم اور/یا حاصل کی جانے والی سہولیات اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مجوزہ قواعد وضوابط اور پاکستان کے وقتاً فوقتاً لاگو ہونے والے قوانین و ضوابط کے تحت ہوں گی۔ یہ شرائط بینک الفلاح رائل پرافٹ اکاؤنٹ کی تمام اقسام بشمول بینک الفلاح رائل پرافٹ اکاؤنٹ، بینک الفلاح انسٹیٹیوشنل رائل پرافٹ اکاؤنٹ اور بینک الفلاح انسٹیٹیوشنل رائل سیونگز اکاؤنٹ جو بینک میں برقرار ہے یا اس کے جانشین یا تفویض کردہ اور یہاں پیش کردہ بینکاری سہولیات پر لاگو ہوں گی۔

Bank Alfalah Royal Profit Account encompasses three products for different category of accountholders:

بینک الفلاح رائل پرافٹ اکاؤنٹ مختلف زمروں کے اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے تین مصنوعات پر مشتمل ہے:

Bank Alfalah Royal Profit Account بینک الفلاح رائل پرافٹ اکاؤنٹ	Bank Alfalah Institutional Royal Savings Account بینک الفلاح انسٹیٹیوشنل رائل سیونگز اکاؤنٹ		Bank Alfalah Institutional Royal Profit Account بینک الفلاح انسٹیٹیوشنل رائل پرافٹ اکاؤنٹ	
Individuals only صرف انفرادی	Institutional Customers	انسٹیٹیوشنل کسٹمرز	Non-Individual / Institutional Customers	غیر انفرادی/ انسٹیٹیوشنل کسٹمرز
	Permissible Sectors only: Financial Institutions, Public Sector Enterprises and Public Limited Companies	صرف قابل اجازت شعبے: مالیاتی ادارے، پبلک سیکٹر انٹرپرائزز اور پبلک لمیٹڈ کمپنیز	Excluding Financial Institutions, Public Sector Enterprises and Public Limited Companies	مالیتی ادارے، پبلک سیکٹر انٹرپرائزز اور پبلک لمیٹڈ کمپنیز کے علاوہ، تمام سیکٹرز شامل ہیں۔

1.1 The account may be opened in Pak Rupees with a minimum initial deposit requirement of Rs. 100/- or as prescribed by the bank from time to time.

اکاؤنٹ پاکستانی روپے میں 100 روپے کے کم سے کم ڈپازٹ کے ساتھ یا وقتاً فوقتاً بینک کی ہدایات کے مطابق کھل سکتا ہے۔

1.2 The amount(s) deposited in the account shall be on a profit and loss sharing basis. The Bank's determination of profit or loss shall be final and binding on the Customer for all purposes.

اکاؤنٹ میں جمع شدہ رقم نفع ونقصان کی بنیاد پر ہوگی۔ بینک کا تعین کردہ منافع یا نقصان حتمی ہوگا اور کسٹمر اکاؤنٹ ہولڈر تمام مقاصد کے لیے اس کا پابند ہوگا۔

1.3 Profit/ Loss earned/ incurred on Bank Alfalah Royal Profit Account and Bank Alfalah Institutional Royal Savings Account will be credited/ debited in the respective account on monthly basis and calculated on monthly average balance unless otherwise indicated by the Bank.

بینک الفلاح رائل پرافٹ اکاؤنٹ اور بینک الفلاح انسٹیٹیوشنل رائل سیونگز اکاؤنٹ پر حاصل شدہ منافع/نقصان کو متعلقہ اکاؤنٹ میں ماہانہ بنیادوں پر کریڈٹ/ڈیبٹ کیا جائے گا اور ماہانہ اوسط بیلنس پر شمار کیا جائے گا جب تک کہ بینک کی طرف سے اس کی نشاندہی نہ کی جائے۔

1.4 Profit/ Loss earned/ incurred on Bank Alfalah Institutional Royal Profit Account will be credited/ debited in the account on monthly basis and calculated on day end balance unless otherwise indicated by the Bank.

بینک الفلاح انسٹیٹیوشنل رائل پرافٹ اکاؤنٹ میں کمایا ہوا منافع/نقصان ماہانہ بنیادوں پر اکاؤنٹ میں کریڈٹ/ڈیبٹ کیا جائے گا اور دن کے آخر میں بیلنس کی بنیاد سے حساب کیا جائے گا جب تک کہ بینک کی طرف سے اس کی نشاندہی نہ کی جائے۔

1.5 Profit rate will be as per the prevailing Bank's Indicative Deposit Rate Sheet which may be subject to change, as per Bank's discretion

منافع کی شرح مروجہ بینک کی انڈیکیٹیو ڈپازٹ ریٹ شیٹ کے مطابق ہو گی جو بینک کی صوابدید کے مطابق تبدیل ہو سکتی ہے۔

The Customer acknowledges by signing/affixing thumb impression that he has read/read out to him/her and understood and agrees to be bound by these Terms and Conditions, which may be revised or modified by the Bank from time to time.

کسٹمر دستخط یا انگوٹھے کا نشان لگا کر تسلیم کرتا ہے کہ اس نے ان شرائط وضوابط کو پڑھ لیا ہے یا اسے پڑھ کر سنا دیا گیا ہے اور سمجھا دیا گیا ہے اور وہ ان شرائط وضوابط کی پابندی کرے گا جو بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً ترمیم یا تبدیل کی جا سکتی ہیں۔

Customer Signature:
کسٹمر کے دستخط

(Copy Received and Accepted)
(نقل وصول اور قبول کر لی گئی)



Bank Alfalah

The Way Forward

021 111 225 111

bankalfalah.com